کیاعائشہ رضي اللہ تعالی عنہا نے کہا تھا کہ انہیں رات کودفن کیا جائے

هل طلبت عائشة أن تُدفن ليلا

[أردو - اردو - urdu]

شیخ محمد صالح المنجد

ترجمہ: اسلام سوال وجواب ویب سائٹ

تنسیق: اسلام ہا ؤس ویب سائٹ

ترجمة: موقع الإسلام سؤال وجواب

تنسيق: موقع islamhouse

2013 - 1434

IslamHouse.com

کیاعائشہ رضي اللہ تعالی عنہا نے کہا تھا کہ انہیں رات کودفن کیا جائے

میں پڑھا ہے کہ عائشہ رضي اللہ تعالی عنہانے یہ مطالبہ کیا تھا کہ انہیں رات کودفن کیا جائے ، اگر یہ بات صحیح ہے تواس کا سبب کیا تھا ؟

الحمد للہ

محمد بن عمر واقدی نے اس کا ذکرکیا ہے اوراسی طرح امام حاکم رحمہ اللہ تعالی نے بھی مستدرک (٤ /٦-٧) اور ابن سعد رحمہ اللہ تعالی نے طبقات ابن سعد (٨/٧٦-٧٧)میں اورامام ذھبی رحمہ اللہ تعالی نے سیر اعلام النبلاء (٢/١٦٢) میں اس کے علاوہ دوسرے مصادر میں بھی مذکورہے ۔

واللہ اعلم ظاہر تویہی ہوتا کہ یا تواس لیے تھا دفن میں دیرنہ ہو اس لیے کہ ان کی وفات ستائیس رمضان کی شب وتروں کے بعد ہوئ تھی ، یاپھر اس میں ان کے لیے زیادہ پردہ اورستر تھا ، یاپھر ان کے دوراور خاص کرزندگی کے آخری ایام میں رات کودفن کرناغلط شمار ہونے لگا تھا توانہوں نے اس فعل سے حکم بیان کرنا چاہا ، یا کوئ اوروجہ ہوگي ، عمومی طورپر رات کو ضرورت کے پیش نظردفن کیا جاسکتا ہے ۔

واللہ تعالی اعلم .